# اراولی اور منریگا معاملہ میں کانگریس کی عوامی بیداری مہم آج سے

جے پور: راجستھان کانگریس نے اراولی پہاڑ اور منریگا معاملے پر 27 دسمبر سے عوامی بیداری مہم شروع کرنے کا عالان کیا ہے۔ پارٹی کا الزام ہے کہ بی جے پی حکمراں مرکز کی مودی حکومت سازش کے تحت اراولی پہاڑی سلسلہ کی غلط تعریف پیش کر رہی ہے اور اسے کانکنی مافیاؤں کے حوالہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ دوسرے اہم ایشو منریگا کی تبدیلی سے متعلق کانگریس نے دعویٰ کیا کہ مرکزی حکومت نے مہاتما گاندھی روزگار منصوبہ میں تبدیلی کر غریبوں سے روزگار کا حق چھیننے کا کام کیا ہے۔ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق پارٹی نے کہا کہ ''کانگریس نے اعلان کیا ہے کہ ان دونوں اہم ایشوز کے خلاف ریاست بھر میں ضلع، بلاک، ڈویژن اور بوتھ سطح پر عوامی بیداری مہم واحتجاجی مظاہرہ کا انعقاد ہوگا۔'' پارٹی کے ریاستی جنرل سکریٹری سورنم چترویدی نے بتایا کہ یہ مہم 27 دسمبر سے شروع ہوگی۔ انھوں نے مطلع کیا کہ



اس کے تحت 27 دسمبر کو سبھی ضلع ہیڈکوارٹرس پر اراولی بچاؤ مہم عوامی بیداری کے تحت پیدل مارچ نکالا جائے گا۔

اس کے بعد کانگریس کارکنان 'منریگا' کو کمزور کیے جانے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کریں گے، اور پھر 28 دسمبر کو سبھی بلاک کانگریس کمیٹیاں پیدل مارچ نکالیں گی اور مرکزی حکومت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کریں گی۔ بعد ازاں 30 اور 31 دسمبر کو ڈویژن اور سٹی کانگریس کمیٹیاں تقاریب کا انعقاد کریں گی۔

ایک روز قبل بدھ کو راجستھان کانگریس کے ریاستی صدر گووند سنگھ ڈوٹاسرا نے اراولی پہاڑ معاملہ پر مرکزی و ریاست کی بی جے پی حکومت پر اراولی کو کانکنی مافیا کے ہتھوں فروخت کرنے کا الزام عائد کیا تھا۔ انھوں نے کہا تھا کہ مرکزی و ریاستی حکومت نے مل کر اراولی کو فروخت کرنے کی جو سازش تیار کی ہے، اور سپریم کورٹ میں جس طریقے سے انھوں نے اراولی کو ختم کرنے کی پیروی کی ہے، اس کی سخت الفاظ میں کانگریس مخالفت کرے گی۔ ڈوٹاسرا نے یہ بھی کہا کہ ضلعوں میں ڈویژن اور بلاک سطح پر کانگریس کارکنان کے ساتھ مل کر عوامی بیداری مہم چلانے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔ کانگریس اراولی کے خلاف شروع ہوئی سازش کی پرزور مخالفت کرے گی۔

## ہندوستان نے بنگلہ دیش میں ہندوؤں کے قتل کی مذمت کی

نئی دہلی: (یو این آئی) ہندوستان نے بنگلہ دیش میں ہندو برادری کے ایک اور فرد کے قتل کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس واقعے میں ملوث مجرموں کے خلاف فوری کارروائی کی جانی چاہیے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان بنگلہ دیش میں ایک اور ہندو کے قتل کی شدید مذمت کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بنگلہ دیش میں عبوری حکومت کے قیام کے بعد سے اب تک قتل، آتش زنی اور زمین پر قبضے کے تقریباً 2900 واقعات سامنے آ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا مطالبہ ہے کہ قصورواروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کے رہنما طارق رحمان کی بنگلہ دیش واپسی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ہندوستان وہاں آزاد، منصفانہ اور جامع انتخابات کا حامی ہے۔

# وادی سے باہر کشمیری قیدیوں کی حالت تشویشناک

## محبوبہ مفتی کا عمر عبداللہ سے فوری مداخلت کی اپیل

سری نگر: (یواین آئی) سابق وزیر اعلیٰ اور پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے جمعہ کو وادی سے باہر مختلف جیلوں میں رکھے گئے کشمیری زیرِ سماعت قیدیوں کی مسلسل حراست پر شدید تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اس صورتحال نے درجنوں خاندانوں کو جذباتی اور مالی طور پر شدید نقصان پہنچایا ہے۔ سرینگر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محبوبہ مفتی نے کہا کہ زیرِ حراست افراد کے اہلِ خانہ شدید مشکلات کا شکار ہیں کیونکہ وہ اپنے پیاروں سے ملنے کے لیے دور دراز جیلوں کا بار بار سفر کرنے کی سکت نہیں رکھتے۔ اُن کے مطابق متعدد گھرانے روزمرہ اخراجات پورے کرنے کے قابل بھی نہیں رہ گئے، ایسے میں جیل تک کے طویل سفراُن کے لیے ناممکن ہو چکے ہیں۔ محبوبہ مفتی نے بتایا کہ انہوں نے فروری میں چیف سیکریٹری اور ڈی جی پی کو تحریری طور پر وادی سے باہر قید کشمیری زیرِ سماعت قیدیوں کی تفصیلات مانگی تھیں، تاہم کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ بعد ازاں انہوں نے مرکزی وزیر داخلہ اور ہوم سکریٹری کو بھی خطوط ارسال کر کے ان قیدیوں کی وادی کی جیلوں



میں منتقلی کی اپیل کی، مگر اس کا بھی کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ انہوں نے کہا کہ معاملہ پھر عوامی مفاد کی عرضداشت کے ذریعے عدالت میں اٹھایا گیا، تاہم افسوس کی بات ہے کہ اس درخواست کو سیاسی رنگ دے کر خارج کر دیا گیا۔ محترمہ محبوبہ نے سوال اٹھایا کہ اگر عدالت نے عرضداشت خارج کر دی تھی تو پھر از خود نوٹس کیوں نہیں لیا گیا؟ انہوں نے کہا، 'عدالت یہ جاننے میں دلچسپی کیوں نہیں رکھتی کہ زیرِ سماعت قیدی بغیر سزا کے برسوں جیلوں میں کیوں پڑے ہیں؟' محبوبہ مفتی نے کہا کہ غریب خاندانوں سے یہ توقع رکھنا کہ وہ بار بار عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائیں، ناانصافی کے مترادف ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وزیراعظم، صدر ہند اور سابق چیف جسٹس کے بیانات میں بھی اس بات کا اعتراف کیا گیا ہے کہ ملک کی جیلوں میں 76 فیصد سے زائد قیدی زیرِ سماعت ہیں، پھر بھی ایسے حساس مسائل حل نہ ہونا افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تشکیل پانے کے بعد امید تھی کہ اس انسانی مسئلے کو حل کیا جائے گا، لیکن پیش رفت نہ ہونے سے مایوسی بڑھ رہی ہے۔



رشی کیش ایمس میں بھرتی لکسر فائرنگ میں زخمی مغربی یوپی کے ہسٹری شیٹر ونے تیاگی کی حالت تشویشناک۔

# گھنے کہرے کے باعث شمالی ہندوستان میں ریل کی رفتار تھم گئی

## راجدھانی سمیت درجنوں ٹرینیں گھنٹوں تاخیر کا شکار

نئی دہلی: شمالی ہندوستان میں شدید سردی کے ساتھ گھنا کہرا معمولات زندگی کو بری طرح متاثر کر رہا ہے۔ گزشتہ کئی دنوں سے علی الصباح کئی کئی گھنٹوں کی تاخیر سے چل رہی ہیں۔ نئی دہلی۔ہاوڑہ راجدھانی ایکسپریس دس گھنٹے، نئی دہلی۔سیالدہ راجدھانی گیارہ گھنٹے جبکہ دربھنگہ



چھائے کہرے کے سبب حدِ نگاہ انتہائی کم ہو گئی ہے، جس کا براہ راست اثر ریل اور سڑک، دونوں طرح کی آمدورفت پر پڑ رہا ہے۔ خاص طور پر ریل خدمات شدید متاثر ہیں اور راجدھانی ایکسپریس جیسی تیز رفتار ٹرینیں بھی مقررہ رفتار برقرار نہیں رکھ پا رہیں۔ رپورٹ کے مطابق، پنڈت دین دیال اپادھیائے جنکشن (سابقہ مغل سرائے جنکشن) سے گزرنے والی متعدد ٹرینیں اسپیشل پچیس گھنٹے تاخیر سے گزر رہی ہے۔ اس کے علاوہ بھی متعدد طویل فاصلے کی ٹرینیں شدید تاخیر کا شکار ہیں، جس کے باعث مسافروں کو کڑاکے کی سردی میں پلیٹ فارم پر طویل انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق کہرے کے باعث حدِ نگاہ کم ہونے پر حفاظتی نقطۂ نظر سے ٹرینوں کی رفتار محدود کر دی گئی ہے۔ اسی وجہ سے تاخیر میں اضافہ ہو رہا ہے اور یہ صورتحال کہرا چھٹنے تک برقرار رہ سکتی ہے۔ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ سفر شروع کرنے سے پہلے اپنی ٹرین کی تازہ صورتحال ضرور معلوم کرلیں تا کہ غیر ضروری پریشانی سے بچا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق دہلی۔ہاوڑہ، دہلی۔سیالدہ، دہلی۔کاماکھیا اور آنند وہار سے مشرقی ہندوستان جانے والے روٹس سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ کئی سپر فاسٹ اور دورنتو ٹرینیں بھی اپنی مقررہ رفتار حاصل نہیں کر پا رہیں۔ بعض ٹرینوں کو منسوخ بھی کیا گیا ہے، جن میں نئی دہلی۔مالدہ ٹاؤن ایکسپریس شامل ہے۔ ہندوستانی ریلوے نے مسافروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ریئل ٹائم معلومات کے لیے این ٹی ای ایس ایپ یا ریلوے کی سرکاری ویب سائٹ سے رجوع کریں۔ حکام کا کہنا ہے کہ حفاظت اولین ترجیح ہے اور حدِ نگاہ بہتر ہوتے ہی خدمات کو معمول پر لانے کی کوشش کی جائے گی۔ سرد موسم اور کہرے کے اس دور میں احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی بھی ہدایت دی گئی ہے۔

# ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور عمر عبداللہ کی جانب سے اجمیر شریف میں چادر چڑھائی گئی

سری نگر: (یو این آئی) سلطانِ ہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی (رح) کے



814 ویں عرس مبارک کی مناسبت سے جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے اجمیر شریف میں مبارک چادر چڑھائی گئی۔ پارٹی کی طرف سے یہ سعادت راجیہ سبھا رکن و پارٹی ٹریجرر شمی اوبرائے اور نیشنل کانفرنس کے نائب صدر صوبہ وایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی نے انجام دی۔ اس موقعے پر سجادہ نشین الحاج سید فخر المعین بھی موجود تھے۔ وفد نے روضہ اقدس پر عالمِ اسلام کی سربلندی، اُمت مسلمہ کی خوشحالی، جموں وکشمیر میں امن وامان، بھائی چارے اور لوگوں کی فلاح وترقی کے لیے خصوصی دعائیں مانگیں۔ احسان پردیسی نے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی تعلیمات محبت، ہمدردی اور اتحاد کا سرچشمہ ہیں اور پوری انسانیت کے لیے مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام برادریوں کے درمیان ہم آہنگی، امن اور افہام وتفہیم کو فروغ دینے کے لیے حضرت خواجہ صاحب کے پیغام کو اپنایا اور عام کیا جائے۔

# مودی نے گرو گوبند سنگھ جی کی 'لافانی تعلیمات' کو خراجِ عقیدت پیش کیا

نئی دہلی: (یواین آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعہ کے روز دسویں سکھ گرو، سری گرو گوبند سنگھ جی کے صاحبزادوں کی جرأت اور قربانی کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ویر بال دیوس کے سالانہ موقع پر انہیں یاد کیا۔ سوشل میڈیا پر جاری کردہ ایک جذباتی پیغام میں وزیر اعظم نے 26 دسمبر کو پورے ملک کے لیے "عقیدت واحترام کا دن" قرار دیا۔ وزیر اعظم مودی نے کہا، ''ویر بال دیوس عقیدت و احترام کا دن ہے جو بہادر صاحبزادوں کی قربانی کی یاد کے طور پر وقف ہے۔ ہم ماتا گجری جی کے پختہ یقین اور سری گرو گوبند سنگھ جی کی لافانی تعلیمات کو یاد کرتے ہیں۔ یہ دن جرأت، یقین اور راست بازی سے وابستہ ہے۔ ان کی زندگیاں اور نظریات آنے والی نسلوں تک لوگوں کو تحریک دیتے رہیں گے۔'' بعد ازاں وزیر اعظم نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں ایک قومی سطح کے پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اس تقریب میں ملک بھر سے نوجوان شریک ہوں گے جن



میں پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار کے اعزاز یافتہ بچے بھی شامل ہوں گے جو اس دن کی تاریخی اہمیت کی نمائندگی کریں گے۔ حکومت نے ملک بھر میں متعدد تقریبات کا اہتمام کیا ہے جن میں قصہ گوئی کے سیشنز سے لے کر ڈیجیٹل نمائشیں شامل ہیں تا کہ نوجوان نسل کو کم سن شہیدوں کی "بے مثال بہادری" سے روشناس کرایا جا سکے۔ حکومت ہند نے 2022 میں 'ویر بال دیوس' کو باضابطہ طور پر منانے کا اعلان کیا تھا تا کہ صاحبزادہ بابا زورآور سنگھ جی اور صاحبزادہ بابا فتح سنگھ جی کی شہادت کی یاد منائی جا سکے۔ 1705 میں، گرو گوبند سنگھ جی کے دونوں چھوٹے صاحبزادے، جن کی عمریں بالترتیب 9 اور 7 برس تھیں مغل افواج کے ہاتھوں گرفتار ہوئے۔ ان سے اپنا مذہب ترک کرنے کے بدلے دولت اور تحفظ کی پیشکش کی گئی لیکن کمسن صاحبزادے اپنے عقیدے پر ڈٹے رہے۔ انکار کی سزا کے طور پر سرہند کے مغل فوجدار وزیر خان کے حکم پر انہیں دیوار میں چنوا دیا گیا۔ ان کی دادی ماتا گجری جی، جو ٹھنڈا برج (سرد مینار) میں ان کے ساتھ قید تھیں کچھ ہی عرصے بعد شہادت پا گئیں۔

# سورت میں کروڑوں کے ترقیاتی کاموں کا ای۔سنگِ بنیاد رکھا گیا

گاندھی نگر: (یواین آئی) گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے جمعہ کے روز سورت ضلع میں 858 کروڑ روپے کے مختلف ترقیاتی کاموں کا ای۔سنگ بنیاد اور افتتاح کیا۔ اس موقع پر مسٹر پٹیل نے سورت ضلع کی امبیکا تحصیل میں منعقد تین روزہ قومی قبائلی صنعت میلے کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ یہ میلہ وزیر اعظم نریندر مودی کے 'ووکل فار لوکل، لوکل فار گلوبل' کے منتر کو عملی شکل دے گا۔

ریاست کے تمام قبائلی سماج اور معاون اداروں کی مشترکہ کاوشوں سے اس قومی قبائلی صنعت میلے کا انعقاد 26 سے 29 دسمبر کے دوران سورت ضلع کی نوتشکیل شدہ امبیکا تحصیل کے وسرائی میں کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میلے کا انعقاد قبائلی سماج کے نوجوانوں اور نوجوان لڑکیوں کو خود روزگار کی ترغیب دینے اور چھوٹے و درمیانی درجے کے ایم ایس ایم ای صنعتکاروں اور کاروباری اداروں کو ایک پلیٹ فارم پر لا کر کاروبار اور صنعت کی وسعت بڑھانے کے مقصد سے کیا گیا ہے۔ اس میلے میں 370 سے زائد اسٹالز، قبائلی کھانوں کے 80 سے زیادہ اسٹالز، ملک بھر کی مختلف ریاستوں کے 700 سے زائد نمائندوں کی شرکت اور ایم ایس ایم ای کے لیے بزنس ورکشاپس شامل ہیں، جو 'ایک بھارت، شریشٹھ بھارت' کے عزم کو عملی جامہ پہنائیں گی۔

## مغربی بنگال اسمبلی انتخاب کی تیاریوں میں مصروف بی جے پی کو لگا جھٹکا

# اداکارہ پارنو مترا ترنمول کانگریس میں شامل

کولکاتہ: مغربی بنگال میں اسمبلی انتخاب سے قبل پارٹی بدلنے والی سیاست شروع ہو گئی ہے۔ جمعہ کے روز بنگالی فلموں کی مشہور اداکارہ پارنو مترا بی جے پی چھوڑ کر ترنمول کانگریس میں شامل ہو گئیں۔ ریاست میں اسمبلی انتخاب کے پیش نظر تیاریوں میں مصروف بی جے پی کے لیے یہ شدید جھٹکا تصور کیا جا رہا ہے۔ ترنمول کانگریس بھون میں ریاستی وزیر برائے صحت چندریما بھٹاچاریہ کی موجودگی میں پارنو مترا نے ترنمول کانگریس میں شمولیت حاصل کی اور کہا کہ ''سبھی انسان غلطیاں کرتے ہیں۔ ان غلطیوں کی اصلاح کا وقت آ گیا ہے۔ میں ترنمول کانگریس میں شامل ہو کر خود کو خوش قسمت محسوس کر رہی ہوں۔'' قابل ذکر ہے کہ 2021 کے اسمبلی انتخاب سے تقریباً 2 سال قبل 2019 میں پارنو مترا نے بی جے پی کی رکنیت اختیار کی تھی۔ انہوں نے بی جے پی کی ٹکٹ پر براہ نگر سیٹ سے



انتخاب بھی لڑا تھا۔ اس وقت ترنمول کانگریس امیدوار تاپس رائے نے انھیں شکست دی تھی۔ اب تاپس رائے بی جے پی میں شامل ہو چکے ہیں، جبکہ سایَنتیکا بنرجی ترنمول کانگریس کی رکن اسمبلی ہیں۔ حال ہی میں پارنو مترا نے بی جے پی سے اپنی ناراضگی کا اظہار کیا تھا۔ بہرحال، جمعہ کے روز ترنمول کانگریس میں شمولیت کے تعلق سے پارنو مترا نے کہا کہ ''میں 6 سال قبل بی جے پی میں شامل ہوئی تھی، آپ کو یاد ہوگا۔ میں نے محسوس کیا کہ اس بار مجھے خود کو ٹھیک کر لینا چاہیے۔ میں نے وہی کیا۔'' ان کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے کام سے وہ بہت متاثر ہیں۔ پارنو کو ترنمول کانگریس میں شامل کرنے والی چندریما بھٹاچاریہ نے کہا کہ ''پارنو وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے کام سے متاثر ہو کر ہی ہماری پارٹی میں آئی ہیں۔'' واضح رہے کہ پارنو مترا نے 2007 میں اداکاری کا کیریئر شروع کیا تھا۔

# کیرالہ میں برڈ فلو کی دستک

## پڑوسی ریاست تمل ناڈو میں الرٹ، ضروری گائیڈ لائنس جاری

ترووننت پورم: کیرالہ میں ایوین انفلوئنزا (ایچ 1 این 1) کا پتہ چلنے کے بعد تمل ناڈو کے پبلک ہیلتھ ڈپارٹمنٹ نے دونوں ریاستوں کی سرحد پر نگرانی بڑھا دی ہے اور دفاع سے متعلق ترکیبوں کا حکم جاری کر دیا ہے۔ حال ہی میں کیرالہ کے الپوزا اور کوٹایم ضلعوں سے پولٹری فارمز میں مرغے مرغیوں کے اچانک مرنے کی خبریں آئی تھیں۔ اس کے بعد کیرالہ کے محکمہ مویشی پروری نے مردہ مرغے و مرغیوں کے خون کا نمونہ ایک ٹیسٹنگ لیباریٹری بھیجا تھا۔ اب جانچ کے بعد ایچ 1 این 1 ایوین انفلوئنزا کی تصدیق ہو گئی ہے۔ نتیجہ سامنے آتے ہی کیرالہ حکومت نے متاثرہ علاقوں میں ضروری ترکیبیں اختیار کرنے پر زور دیا ہے۔ دوسری طرف تمل ناڈو میں بھی ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق احتیاط کے طور پر تمل ناڈو کے افسران نے بین ریاستی سرحد پر نگرانی بڑھانے کی ہدایت جاری کی ہے۔ محکمہ عوامی



صحت نے ضلع انتظامیہ کو کیرالہ سے آنے والے اہم انٹری پوائنٹس پر چیک پوسٹ بنا کر گاڑیوں کی جانچ کرنے کا حکم دیا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ کیرالہ سے آنے والی گاڑیوں کو بایو سیکورٹی ترکیبوں کے تحت 'ڈس انفیکٹ' کیا جائے گا۔ افسران کے مطابق کوئمبٹور، نیل گری، تھینی، کنیا کماری اور تینکاسی ضلعوں میں خصوصی نگرانی کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ سبھی اضلاع کیرالہ کے ساتھ سرحد سے ملحق ہیں۔ ہیلتھ ٹیموں کو کیرالہ سے تمل ناڈو میں داخل ہونے والی گاڑیوں (جن میں مرغی، مویشی اور زرعی مصنوعات لے جانے والی گاڑیاں شامل ہیں) پر سخت نگرانی رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

# اجولا یوجنا کے مستفیدین کی تعداد 10.35 کروڑ سے متجاوز

نئی دہلی: (یو این آئی) پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے سال 2025 کے دوران ماحولیات کے لیے سازگار توانائی تک رسائی بڑھانے، بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے اور تیل وگیس کے شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے نمایاں پیش رفت کی ہے۔ جمعہ کو جاری کردہ 'اختتام سال کے جائزے' کے مطابق اس شعبے میں اہم کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ اس سال کی سب سے بڑی خاص بات 'پردھان منتری اجولا یوجنا (پی ایم یو وائی)' کی مسلسل توسیع رہی، جس کے تحت یکم دسمبر 2025 تک کھانا پکانے میں استعمال ہونیوالے ماحولیات کیلئے سازگار ایندھن تک رسائی حاصل کرنے والے مستفیدین کی تعداد بڑھ کر تقریباً 10.35 کروڑ ہو گئی ہے۔ حکومت نے اس سہولت کو ہر گھر تک پہنچانے کیلئے مالی سال 26-2025 کے دوران مزید 25 لاکھ ایل پی جی کنکشنز جاری کرنے کی منظوری دی ہے۔ اس عمل کو مزید آسان بنا دیا گیا ہے تا کہ مستحق افراد کو تیزی سے کنکشن مل سکیں۔ اجولا یوجنا کے تحت سستی گیس کی فراہمی پر توجہ برقرار رکھی گئی، جہاں مستفیدین کو 14.2 کلوگرام کے سلنڈر پر 300 روپے کی سبسڈی دی جا رہی ہے، جو سالانہ نو ری فلز (سلنڈر بھروانے) تک محدود ہے۔ اس مدد کی وجہ سے گیس کے استعمال میں مسلسل اضافہ دیکھا گیا ہے اور فی کس کھپت کی شرح بڑھ کر سالانہ 4.85 ری فلز تک پہنچ گئی ہے۔ صارفین کی حفاظت کے لیے ملک بھر میں 'بیسک سیفٹی چیک' مہم چلائی گئی، جس کے دوران 12.12 کروڑ سے زائد مفت حفاظتی معائنے کیے گئے اور 4.65 کروڑ سے زیادہ ایل پی جی پائپ (ہوز) رعایتی نرخوں پر تبدیل کیے گئے۔ اس مہم سے گھریلو گیس کے استعمال میں حفاظتی معیار او بیداری کو کافی فروغ ملا ہے۔ وزارت نے ایندھن کی فروخت اور نقل وحمل کے بنیادی ڈھانچے کو بھی مضبوط کیا ہے۔ 90,000 سے زیادہ ریٹیل آؤٹ لیٹس پر ڈیجیٹل ادائیگی کی سہولت فراہم کی گئی ہے، جبکہ 3,200 سے زیادہ موبائل ٹینکرز (بوزرز) کے ذریعے گھر گھر ایندھن کی ترسیل کے نظام کو وسعت دی گئی ہے۔

# کانگریس نے مدھیہ پردیش میں نظامِ صحت کے بدتر حالات پر اظہار تشویش کیا

بھوپال: مدھیہ پردیش میں صحت کا نظام انتہائی خراب ہے۔ مریضوں کو نہ ہی اسپتالوں میں بہتر علاج مل پا رہا ہے، نہ ہی انھیں ڈاکٹروں سے اچھا سلوک دیکھنے کو مل رہا ہے۔ موجودہ حالات پر کانگریس نے انتہائی تشویش کا اظہار کیا ہے اور وزیر اعلیٰ موہن یادو کی قیادت کے ساتھ ساتھ مرکز کی مودی حکومت کو بھی ہدف تنقید بنایا ہے۔ کانگریس کا کہنا ہے کہ ''مدھیہ پردیش میں صحت کی خراب صورت حال نے بی جے پی کی ڈبل انجن حکومت کی قلعی کھول کر رکھ دی ہے۔'' کانگریس نے اپنے آفیشیل 'ایکس' ہینڈل پر ریاست کے بدتر نظام صحت پر مشتمل ایک ویڈیو جاری کی ہے۔ اس ویڈیو کے ابتدا میں بیڈ پر لیٹے ایک مریض کو ڈاکٹر کے تشدد کا سامنا کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ویڈیو میں گزشتہ کچھ دنوں میں پیش آئے ایسے واقعات کو بھی پیش کیا گیا ہے، جس نے نظام صحت کو کٹہرے میں کھڑا کر دیا ہے۔ ویڈیو میں بیک گراؤنڈ سے آواز دی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ ''مدھیہ پردیش میں نظام صحت کی حالت دیکھیے، ستنا کے سرکاری اسپتال میں چوہوں کا قبضہ ہے۔ بچوں کے وارڈ میں چوہے دوڑ رہے ہیں۔ وہیں اندور کے ایم وائی اسپتال (مہاراجہ یشونت راؤ اسپتال) میں 2 نوزائیدہ بچوں کو چوہوں نے کتر کر مار ڈالا۔'' مزید بتایا گیا ہے کہ ''چھندواڑہ میں 24 سے زیادہ بچوں کی زہریلا کف سیرپ پینے سے موت ہو گئی۔ ستنا میں 6 بیمار بچوں کو اسپتال میں نے ایچ آئی وی پازیٹو خون چڑھا دیا۔''



پٹنہ: بھوجپور کے گجراج گنج او پی حلقے میں مسلح بدمعاشوں نے سرِ عام ایک نوجوان کو چار گولیاں ماریں، جس سے علاقے میں دہشت پھیل گئی۔

# ہندوستان میں بنگلہ دیشی طلباء اپنے ملک اور اپنے مستقبل کے تئیں تذبذب کا شکار

نئی دہلی: (یواین آئی) بنگلہ دیش میں جاری سیاسی بحران اور افراتفری کے ماحول کی وجہ سے ہندوستان میں زیر تعلیم بنگلہ دیشی طلبہ فکر مند ہیں اور خود کو بے بس محسوس کر رہے ہیں۔ کئی طلبہ نے سوشل میڈیا کا استعمال کم کر دیا ہے۔ انہیں خدشہ ہے کہ سیاسی طاقتیں بنگلہ دیش میں ان کے خاندانوں کو نشانہ بنا سکتی ہیں۔ یواین آئی نے ان کی ذہنی کیفیت کو سمجھنے کے لیے ہندوستان کی مختلف یونیورسٹیوں کے کیمپس میں متعدد بنگلہ دیشی طلبہ سے رابطہ کیا۔ طلبہ اس قدر خوف زدہ ہیں کہ ان میں سے چند ہی نے بات کی، جب کہ دیگر نے اپنے خاندان کے تحفظ کے لیے نام تبدیل کر کے شائع کرنے کی درخواست کی۔ میمن سنگھ سے تعلق رکھنے والے دہلی یونیورسٹی کے طالب علم اجیت دیوناتھ نے کہا کہ ''بنگلہ دیش کی موجودہ صورت حال تشویش ناک ہے۔ میں خبریں دیکھتا ہوں تو بہت سی منفی خبریں سامنے آتی ہیں۔ میرے والدین گھر پر اکیلے رہتے ہیں۔ میں ان کی سلامتی کے لیے فکر مند رہتا ہوں۔ دیوناتھ نے کہا کہ ''اپنے والدین کی حفاظت کے لیے میں نے سوشل میڈیا کا استعمال کم کر دیا ہے۔ کسی بھی فریق کا ساتھ دینا میرے اور میرے خاندان کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے۔ جادوپور یونیورسٹی کے 23 سالہ طالب علم الطاف حسین (تبدیل شدہ نام) نے کہا کہ وہ عوامی لیگ کے حامی ہیں اور ان کے خاندان اور رشتہ داروں کو مسلسل حملوں کا سامنا ہے۔ وہ مجھ سے کہتے رہتے ہیں کہ 'فکر نہ کرو، اپنی پڑھائی پر توجہ دو'، لیکن میں جانتا ہوں کہ انہیں کن کن پریشانیوں کا سامنا ہے۔ حسین نے کہا کہ ''مجھے نہیں معلوم کہ میں گھر واپس جا پاؤں گا یا نہیں، پوسٹ گریجویشن کے بعد مجھے پلان بی کے بارے میں سوچنا پڑے گا، بنگلہ دیش اور میرا مستقبل غیر یقینی ہے۔

